

# سیاحت کی ترقی سے سونے چاندی اور تیل کے کنوؤں سے زیادہ آمدن ہو سکتی ہے

پاکستان کی ہر دلعزیز سماجی و مذہبی شخصیت

## جناب الیگزینڈر جان ملک کا خصوصی پیغام

خداوند تعالیٰ نے مملکت پاکستان کیلئے ایسی سرزمین کا انتخاب کیا ہے کہ جس کی خوبصورتی کی مثال دنیا بھر کے کسی بھی ملک سے ملنا ممکن نہیں ہے اس ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے ہر قسم کے مذہبی عقائد سے بالاتر ہو کر خداوند تعالیٰ کے بتائے ہوئے احکامات کی پیروی کرتے ہوئے آپس میں پیار و محبت کے عظیم رشتہ کو استوار کریں اور خداوند تعالیٰ کا شکر بجالاتے ہوئے اس مملکت کی ترقی کیلئے کام کریں اور اس بات کو ذہین نشین رکھیں کہ اس مملکت کی ترقی سے ہی ہماری خوشحالی وابستہ ہے اور جہاں تک سیاحت کا تعلق ہے تو یہ بات واضع ہے کہ مسلمانوں کی تاریخ مغل بادشاہوں کی بچی ہوئی یادیں، ثقافتی ورثے، عمارات، شیر شاہ سوری، قلعہ روہتاس اور دیگر ایک طویل دور کی یادیں جو بر صغیر کے لوگوں کیلئے نقش ہو چکی ہیں اور یہ سب کچھ ہمارے لئے ایک تاریخی ورثہ کی حیثیت رکھتا ہے اس ضمن میں ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت سیاحت کی ترقی کیلئے حقیقی معنوں میں موثر اقدامات کرے اور اسکی انٹرنیشنل مارکیٹنگ کرے تو ہمارے ملک کا وہ علاقہ خطہ جو تیل کے کنوؤں اور سونے چاندی کے پہاڑوں سے بھی زیادہ پیش قیمت ہے یہ ملک کو خوشحال کرنے میں ایک بہت برا آمدن کا زریعہ بن سکتا ہے اور ہمارے ملک میں پھلوں کی ایسی اقسام موجود ہیں جن کیلئے دیگر ممالک ترستے ہیں ان کی طرف بھی توجہ دیدی جائے تو پاکستان کی خوشحالی کو کوئی نہیں روک سکتا اور ملک میں سیاحت کی ترقی کیلئے پاکستان ٹورازم پروموشن کونسل کا کردار قابل تحسین ہے اور ان کی جانب سے پاکستان ٹورازم ڈائریکٹری کی اشاعت سیاحت کی ترقی میں معاون ثابت ہوگی۔

(جناب الیگزینڈر جان ملک کئی برس تک بشپ لاہور کے منصب پر فائز رہے اور انہوں نے اس دوران بین المذاہب ہم آہنگی کیلئے بھرپور کردار ادا کیا ان کی یہ خدمات قابل تحسین تھیں)